
Department of Health
An Roinn Sláinte
Männystrie O Poustie
www.health-ni.gov.uk


# ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی

# بالغوں کے لیے

# ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ

# شمالی آئر لینڈ




| مشاورتی دستاویز | |
|---|---|
| ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی کا مسودہ | مساوات کے اثرات کی تشخیص (EQIA) |

دسمبر 2021

# مندرجات


) کی مشاورت کے مسودے پر کیسے EQIAایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی کنسلٹیشن اور مساوات کے اثرات کی تشخیص (
ردعمل یا جواب دیں ....... 3
مشاوری دستایوز کیلیے دستیاب فارمیٹس ....... 4
ترجمانی کی سروسز ....... 4
سائن لینگویج ترجمانی کی سروس ....... 4
بولی جانیوالی زبان کی ترجمانی کی سروسز ....... 5
مجموعی جائزہ ....... 6
آپ کے خیالات کیوں اہم ہیں ....... 7
اثرات کی تشخیصات ....... 7
آگے کیا ہو گا ....... 7
پرائیویسی، رازداری اور مشاورتی جوابات تک رسائی ....... 8
ضمیمہA :  مشاورتی جوابی فارم ....... 9
مسودہ ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی مشاورتی سوالات ....... 10
ضمیمہB : امپیکٹ اسکریننگ کے نتائج ....... 16
مساوات اور انسانی حقوق ....... 16
مساوات کے اثرات کی تشخیص کے سوالات: ....... 17
ضمیمہC : ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی پرائیوسی نوٹس ....... 20

## ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی کنسلٹیشن اور مساوات کے اثرات کی تشخیص (EQIA) کی مشاورت کے مسودے پر کیسے ردعمل یا جواب دیں

ہم اپنی مشاورت کے حصے کے طور پر آپ کے خیالات کے متلاشی ہیں؛

- مسودہ ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی
- مساوات کے اثرات کی تشخیص

برائے مہربانی **ضمیمہ B** میں سوالات دیکھیں۔ آپ دونوں یا دونوں میں سے کسی ایک کا جواب دینے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ ہم 17 دسمبر 2021 سے جوابات کیلیے مدعو کرتے ہیں اور مشاورت 11 مارچ 2022 کو بوقت 17:00 بجے بند ہو جائے گی۔

اپنے جوابات جمع کراتے وقت، یہ نہایت مفید ہو گا اگر آپ یہ تصدیق کر سکیں کہ آیا آپ انفرادی طور پر جواب دے رہے ہیں یا کسی تنظیم کی جانب سے جواب جمع کرا رہے ہیں۔

اگر آپ ایک تنظیم کے ایماء پر جواب دے رہے ہیں، تو برائے مہربانی یہ شامل کریں:

- آپ کا نام؛
- تنظیم کا نام؛
- ای میل پتہ۔

متعلقہ دستاویزات تک رسائی حاصل کرنے اور ڈرافٹ ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی مشاورت اور مساوات کے اثرات کی تشخیص (EQIA) کی مشاورت کا جواب دینے کے **3 آپشنز** ہیں۔ [DOH LINK]۔ ذیل میں موجود 3 اختیارات میں سے منتخب کریں:

**اختیار 1: آن لائن**

آن لائن مشاروتوں کے لیے آن لائن سوالنامے مکمل کریں:

https://consultations2.nidirect.gov.uk/doh-1/advancecareplanning-policy-adults-ni

اختیار **2: کاغذی کاپی**

اگر آپ آن لائن مشاوت تک رسائی حاصل کرنے سے قاصر ہیں، تو آپ مشاورتی دستاویز کی ایک کاغذی نقل کی درخواست کر سکتے ہیں۔

- مختص پیشنٹ کلائنٹ کونسل نمبر **02895 368542** پر **ٹیلی فون** کر کے۔
- بذریعہ **ای میل** acpconsultation@health-ni.gov.uk۔

آپ کے مکمل کردہ جوابات واپس بھیجنے کے لیے ایک پری پیڈ لفافہ فراہم کیا جائے گا۔

**اختیار 3: ٹیلی فون سپورٹ**

آپریٹر سے براہ راست بات کرنے کے لیے ٹیلی فون نمبر **02895 368542** استعمال کیا جا سکتا ہے (بروز پیر تا جمعہ، 9 بجے صبح سے 5 بجے شام تک)۔

آپریٹر کر سکتا ہے:

- آپ کو ایک **مشاورتی پیک پوسٹ کر سکتا ہے** اور مکمل شدہ جوابات واپس کرنے کے لیے ایک پری پیڈ لفافہ فراہم کر سکتا ہے۔
- آن لائن سٹیزن اسپیس استعمال کرتے ہوئے اپنا جواب جمع کرانے کے بارے میں آپ کے **کسی بھی سوال کا جواب دیں**۔
- اپنے جوابات براہ راست **سٹیزنز اسپیس پر درج کر کے ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی اور/یا EQIA مشارتیں** مکمل کریں آپ اپنے جواب کی ایک نقل حاصل کر سکتے ہیں۔
- **رسائی کے انتظامات** جیسا کہ مترجم کی خدمت یا اشاروں کی زبان یا کسی بھی متبادل فارمیٹ(س) میں درج کریں۔

## مشاورتی دستایوز کیلیے دستیاب فارمیٹس

مشاورتی دستاویزات درج ذیل تواریخ پر درج ذیل فارمیٹس میں دستیاب ہوں گی؛

| فارمیٹ | ذیل سے دستیاب |
|---|---|
| عربی | 17 دسمبر 2021 |
| آڈیو | 15 جنوری 2022 |
| بریل | 17 دسمبر 2021 |
| برطانوی اشاروں کی زبان | 15 جنوری 2022 |
| انگریزی | 17 دسمبر 2021 |
| آئرش گیلک | 17 دسمبر 2021 |
| آئرش اشاروں کی زبان | 15 جنوری 2022 |
| لتھوانیائی | 17 دسمبر 2021 |
| مینڈارن | 17 دسمبر 2021 |
| پولش | 17 دسمبر 2021 |
| پرتگالی | 17 دسمبر 2021 |
| رومانیائی | 17 دسمبر 2021 |
| السٹر سکاٹس | 17 دسمبر 2021 |
| اردو | 17 دسمبر 2021 |
| ذیلی عنوانات کے ساتھ ویڈیوز | 15 جنوری 2022 |

## ترجمانی کی سروسز

### سائن لینگویج ترجمانی کی سروس

ان لوگوں کے لیے ایک مفت ریموٹ انٹرپریٹنگ سروس دستیاب ہے جو SignVideo https://signvideo.co.uk/hscni/ کے ذریعے شمالی آئرلینڈ میں برٹش سائن لینگوئج (BSL) اور آئرش سائن لینگوئج (ISL) میں مشاورت میں شامل ہونا چاہتے ہیں (جو پہلے InterpreterNow تھی)۔ سروس دستیاب ہے؛

- **مطالبہ پر دستیاب سروس**
  BSL اور ISL مترجم 9 بجے صبح – 5 بجے شام کے مابین، پیر تا جمعہ دستیاب ہیں۔
- **پری بک شدہ سیشنز**
  پری بک شدہ سیشنز کا بندوبست کیا جا سکتا ہے۔

**بولی جانیوالی زبان کی ترجمانی کی سروسز**

ان لوگوں کے لیے ایک مفت ریموٹ انٹرپریٹنگ سروس دستیاب ہے جو مشاورت میں انگریزی کے علاوہ کسی دوسری زبان کے ساتھ شامل ہونا چاہتے ہیں۔ اس سروس میں مندرجہ بالا کردہ لوگوں کے لیے اضافی زبانوں کی سروس دستیاب ہیں۔ اس سروس تک رسائی حاصل کرنے کے لیے وقف شدہ پیشنٹ کلائنٹ کونسل کے نمبر 02895 368542 پر رابطہ کریں اور وہ کال میں شامل ہونے کے لیے ایک مترجم کا بندوبست کریں گے۔

| اختیار | طریقہ | کیسے |
|---|---|---|
| 1 | مشاورتی دستاویزات تک رسائی حاصل کریں اور آن لائن جواب دیں۔ | https://consultations2.nidirect.gov.uk/doh-1/advancecareplanning-policy-adults-ni |
| 2 | مشاورتی دستاویزات کی ایک کاغذی کاپی کی درخواست کریں۔ | 02895 368542<br>یا ای میل کے ذریعے<br>acpconsultation@health-ni.gov.uk |
| 3 | مشاورتی جواب مکمل کرنے کے لیے ٹیلیفون سپورٹ | 02895 368542 |

## مجموعی جائزہ

ایڈوانس کیئر پلاننگ ایک مجموعی اصطلاح ہے یہ ذاتی، قانونی، طبی اور مالیاتی منصوبہ بندی کا احاطہ کرتی ہے۔ یہ ایک شخص کو یہ سوچنے کے قابل بناتی ہے کہ ان کے نزدیک کیا اہم ہے اور اپنے مستقبل کی منصوبہ بندی کرنے کے قابل بناتی ہے۔ ایڈوانس کیئر پلاننگ ایک شخص، اس کے لیے اہم افراد اور اس کے لیے نگہداشت، معاونت یا علاج فراہم کرنے والے افراد کے مابین گفتگو کا ایک جاری عمل کار ہے۔ اگر کوئی شخص کسی وقت پر اپنے لیے متعلقہ فیصلہ کرنے سے قاصر ہو جاتا ہے تو اس فرد کی ایڈوانس کیئر پلاننگ بات چیت، کوئی بھی سفارشات اور/یا فیصلوں کو مستقبل میں استعمال کیا جائے گا۔ ہم شمالی آئرلینڈ میں موجود بالغ افراد (18 سال یا اس سے زائد عمر) کے لیے ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی کے مسودہ پر آپ کے خیالات کا خیرمقدم کریں گے۔

ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی کا مسودہ، پالیسی صحت و سماجی نگہداشت کے پہلوؤں پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، شمالی آئرلینڈ میں بالغ افراد (18 سال یا زائد عمر افراد) کے لیے ایڈوانس کیئر پلاننگ کا ایک فریم ورک فراہم کرتا ہے۔ پالیسی ایڈوانس کیئر پلاننگ، اور اس کی تائید کرنیوالی اقدار اور اصولوں کا ایک جائزہ مہیا کرتی ہے۔ یہ بیان کرتی ہے کہ ایڈوانس کیئر پلاننگ کیونکر اہم ہے اور یہ کس طرح لوگوں کی اپنے مستقبل کے تئیں بروقت، حقیقت پسندانہ اور عملی منصوبے بنانے میں مدد کر سکتی ہے۔ یہ ان منصوبوں کو بنانے کیلیے ان لوگوں کے ساتھ بات چیت کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے جو ان کے لیے اہم ہیں اور/یا کوئی ایسا فرد جو نگہداشت، معاونت یا علاج فراہم کرتا/کرتی ہے (اس میں کمیونٹی اور رضاکارانہ شعبے، آزاد شعبہ اور دیگر صحت کے شعبوں میں کام کرنے والے افراد اور سماجی نگہداشت کا عملہ شامل ہے جو قانونی سروسز میں مصروف عمل ہوں)۔

مسودہ ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی ایک فرد کی اپنے مستقبل کی نگہداشت اور علاج کے پلانز کے زیادہ سے زیادہ انتخاب اور کنٹرول حاصل کرنے میں معاونت کرنے کو مقصد بناتا ہے۔ پالیسی کا مقصد یہ ہے کہ ایڈوانس کیئر پلاننگ بات چیت کو معمول بنایا جائے؛ شمالی آئرلینڈ (NI) میں موجود تمام بالغ افراد کے پاس ایڈوانس کیئر پلاننگ کے سلسلے میں اپنی خواہشات، احساسات، عقائد اور اقدار کا اظہار کرنے کے باقاعدہ مواقع ہیں؛ اور پھر ان کی نگہداشت، مدد یا علاج، جو انہیں حاصل ہوتا ہے، میں اس کی عکاسی کی جاتی ہے۔

اسٹریٹجک مشورہ فراہم کرنے اور ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی کی ترقی کی نگرانی کے لیے، ایک اسٹیئرنگ گروپ قائم کیا گیا تھا جو کہ محکمہ صحت، صحت اور سماجی نگہداشت بورڈ اور پبلک ہیلتھ ایجنسی کے ساتھ ساتھ علاقائی کلینیکل ایتھکس فورم کے چیئر پر مشتمل پالیسی لیڈز اور عوام کا ایک دلچسپی رکھنے والا رکن اور نگہداشت کاروں کے ایک نمائندہ پر مشتمل تھا۔ آپریشنل رہنمائی، تعلیم و تربیت اور عوامی پیغام رسانی کو شامل کرنے کے لیے ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی اور اس کے معاونتی ایڈوانس کیئر پلاننگ کے نفاذ کے پروگرام کو تیار کرنے کے لیے ایک پروگرام ٹیم قائم کی گئی تھی۔

## آپ کے خیالات کیوں اہم ہیں

پالیسی کا مسودہ وسیع اسٹیک ہولڈر کی شمولیت اور ان پٹ کے ساتھ مشترکہ پیداوار کے طریقہ کار کو استعمال کرتے ہوئے تیار کیا گیا ہے۔ اسٹیک ہولڈرز میں سروس استعمال کرنے والے، نگہداشت کار، عوام کے دلچسپی رکھنے والے اراکین، اور کمیونٹی اور رضاکارانہ تنظیموں، تحقیق/تعلیم، صحت اور سماجی نگہداشت کے پیشہ ور افراد اور ان کے نمائندہ ادارے شامل تھے۔ **(اس پر مزید معلعمات کے لیے برائے مہربانی معاون دستاویزات دیکھیں: اس مشاوت کے حصہ کے طور پر شائع کردہ ابتدائی اسٹیک ہولڈرز کی رپورٹ)۔**

مشغولیت کا اگلا مرحلہ ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی اور مساوات کے اثرات کی تشخیص کے مسودے پر مزید آراء حاصل کرنے کے لیے عوامی مشاورت کو مکمل کرنا ہے۔

## اثرات کی تشخیصات

اثرات کی تشخیص کی بڑی تعداد کو مکمل کر لیا گیا ہے اور انہیں اس دستاویز کے **ضمیمہ B** میں نوٹ کیا گیا ہے۔ ایک مکمل مساوات کے اثرات کی تشخیص کاری (EQIA) مکمل کی جا چکی ہے اور اسے 12 ہفتے کی عوامی مشاورت کے لیے ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی کے مسودے کے ساتھ ساتھ شروع کیا جائے گا۔

مکمل اسکریننگ دستاویزات مشاورتی دستاویزات کے سوٹ کے حصے کے طور پر بھی دستیاب ہیں۔

## آگے کیا ہو گا

آپ کو یہ بتانے کے لیے متعدد ورچوئل انفارمیشن سیشنز منعقد کیے جائیں گے کہ آپ مشاورت کا جواب کس طرح دے سکتے ہیں۔

بروز جمعرات 20 جنوری 2022 بوقت 10 بجے صبح
بروز بدھ 2 فروری 2022 کو دوپہر 2:30 بجے (BSL سیشن)
بروز منگل 8 فروری 2022 بوقت 2:30 بجے دن (ISL سیشن)
بروز جمعرات 10 فروری 2022 بوقت 2 بجے صبح
بروز منگل 15 فروری 2022 بوقت 6:30 بجے شام

آپ درج ذیل پر ان ایونٹس کیلیے رجسٹر کر سکتے ہیں بذریعہ: https://pcc-ni.net/get-involved/advance-care-planning/

11 مارچ 2022 کو مشاورت کے اختتام کے بعد، تمام جوابات اور آراء کو محکمہ صحت کے جائزہ کے لیے جمع کیا جائے گا، اور ایک مشاورتی رپورٹ تیار کی جائے گی۔

مشاورتی رپورٹ حتمی ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی اور EQIA رپورٹ کے ساتھ شائع کی جائے گی۔

**پرائیویسی، رازداری اور مشاورتی جوابات تک رسائی**

ہم مشورے کے جوابات کا خلاصہ شائع کریں گے اور، بعض صورتوں میں جوابات خود ہوں گے لیکن ان میں کوئی ذاتی ڈیٹا موجود نہیں ہوگا۔ ہم جواب دہندگان کے نام یا رابطے کی تفصیلات شائع نہیں کریں گے، لیکن جواب دینے والی تنظیموں کے نام شامل کریں گے۔

آپ کا جواب، اور اس مشاورت کے لیے دیگر تمام جوابات بھی فریڈم آف انفارمیشن ایکٹ 2000 (FOIA) اور ماحولیاتی معلومات کے ضوابط 2004 (EIR) کے مطابق درخواست پر ظاہر کیے جا سکتے ہیں؛ تاہم، تمام انکشافات ڈیٹا پروٹیکشن ایکٹ 2018 (DPA) اور یو کے جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن (UK GDPR) کے تقاضوں کے مطابق مکمل کیے جائیں گے۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی فراہم کردہ معلومات کو رازدارانہ سمجھا جائے تو یہ مددگار ثابت ہوگا اگر آپ ہمیں یہ بتا سکتے ہیں کہ آپ نے جو معلومات فراہم کی ہیں اسے کیوں خفیہ سمجھتے ہیں، تاکہ اس پر اس وقت غور کیا جا سکے بصورت اگر محکمہ کو FOIA یا EIR کے تحت معلومات کی درخواست موصول ہوتی ہے۔

اس بارے میں مزید معلومات کے لیے کہ ہم ڈیٹا اور آپ کے حقوق پر عمل کاری کیسے کریں گے، **ضمیمہ C** میں ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی کنسلٹیشن پرائیویسی نوٹس ملاحظہ کریں۔

## ضمیمہ A:  مشاورتی جوابی فارم

| | |
|---|---|
| **ذاتی تفصیلات** | |
| نام | |
| ای میل پتہ | |
| برائے مہربانی وہ آپشن منتخب کریں جو شمالی آئرلینڈ میں بالغوں کے لیے ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی میں آپ کی دلچسپی کو بہترین انداز میں بیان کرے۔ | میں ایک نگہداشت کنندہ ہوں<br>میں ایک ہیلتھ اینڈ سوشل کیئر پروفیشنل ہوں<br>میں ایک سروس استعمال کنندہ ہوں<br>میں ایک دلچسپی رکھنے والا فرد واحد ہوں<br>میں ایک تنظیم کی نمائندگی کرتا ہوں<br>دیگر |
| تنظیمیں<br>*(اگر قابل اطلاق ہو)* | |

**مسودہ ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی مشاورتی سوالات**

| نمبر | پالیسی میں سیکشن کا عنوان | سوال | |
|---|---|---|---|
| 1 | **ایڈوانس کیئر پلاننگ کی خواہش**<br><br>(صفحہ 6) | کیا آپ ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی کی خواہش سے اتفاق کرتے ہیں؟ (برائے مہربانی نشان لگائیں) | ہاں |
| | | | نہیں |
| | | برائے مہربانی مزید کوئی معلومات فراہم کریں جس کا آپ اپنے جواب میں اشتراک کرنا چاہتے ہیں۔ | |
| 2 | **ایڈوانس کیئر پلاننگ کیا ہے؟**<br><br>(صفحہ 6) | کیا پالیسی واضح طور پر بتاتی ہے کہ ایڈوانس کیئر پلاننگ کیا ہے؟ (برائے مہربانی نشان لگائیں) | ہاں |
| | | | نہیں |
| | | برائے مہربانی مزید کوئی معلومات فراہم کریں جس کا آپ اپنے جواب میں اشتراک کرنا چاہتے ہیں۔ | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 3 | **ایڈوانس کیئر پلاننگ کی اقدار اور اصول**<br><br>(صفحہ 7 اور صفحہ 8) | کیا پالیسی میں بیان کردہ اقدار اور اصول واضح، قابل فہم اور متعلقہ ہیں؟<br>(برائے مہربانی نشان لگائیں) | ہاں |
| | | | نہیں |
| | | برائے مہربانی مزید کوئی معلومات فراہم کریں جس کا آپ اپنے جواب میں اشتراک کرنا چاہتے ہیں۔ | |
| 4 | **ایڈوانس کیئر پلاننگ پر بات چیت کرنا کیوں اہم ہے؟**<br><br>(صفحہ 8 اور صفحہ 9) | کیا پالیسی ایڈوانس کیئر پلاننگ کے فوائد کی واضح طور پر وضاحت کرتی ہے؟<br>(برائے مہربانی نشان لگائیں) | ہاں |
| | | | نہیں |
| | | برائے مہربانی مزید کوئی معلومات فراہم کریں جس کا آپ اپنے جواب میں اشتراک کرنا چاہتے ہیں۔ | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 5 | **ایڈوانس کیئر پلاننگ کب کرنی چاہیے؟**<br><br>(صفحہ 10) | کیا آپ اتفاق کرتے ہیں کہ ایڈوانس کیئر پلاننگ کسی بھی بالغ فرد کے لیے زندگی کے کسی بھی مرحلے پر اہم ہے؟<br>(برائے مہربانی نشان لگائیں) | ہاں |
| | | | نہیں |
| | | برائے مہربانی مزید کوئی معلومات فراہم کریں جس کا آپ اپنے جواب میں اشتراک کرنا چاہتے ہیں۔ | |
| 6 | ایڈوانس کیئر پلاننگ کی بات چیت کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے<br><br>(صفحہ 15 اور صفحہ 16) | کیا آپ سمجھتے ہیں کہ ایڈوانس کیئر پلاننگ بات چیت کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے؟<br>(برائے مہربانی نشان لگائیں) | ہاں |
| | | | نہیں |
| | | برائے مہربانی مزید کوئی معلومات فراہم کریں جس کا آپ اپنے جواب میں اشتراک کرنا چاہتے ہیں۔ | |

<table>
<tr><td rowspan="3">7</td><td rowspan="3">ایڈوانس کیئر پلاننگ کے نکات<br><br>(صفحہ 16)</td><td rowspan="2">کیا حصوں/اجزاء کا ماڈل ایڈوانس کیئر پلاننگ کے مختلف عناصر کی وضاحت کرنے میں مدد کرتا ہے؟ (برائے مہربانی نشان لگائیں)</td><td>ہاں</td></tr>
<tr><td>نہیں</td></tr>
<tr><td colspan="2">برائے مہربانی مزید کوئی معلومات فراہم کریں جس کا آپ اپنے جواب میں اشتراک کرنا چاہتے ہیں۔</td></tr>
<tr><td rowspan="3">8</td><td rowspan="3">ایڈوانس کیئر پلاننگ کا قانونی جزو<br><br>ذہنی صلاحیت کا قانون (NI) 2016<br><br>(صفحہ 19 سے صفحہ 22)</td><td rowspan="2">کیا پالیسی اس بارے میں واضح ہے کہ ذہنی صلاحیت کا ایڈوانس کیئر پلاننگ سے کیا تعلق ہے؟<br>(برائے مہربانی نشان لگائیں)</td><td>ہاں</td></tr>
<tr><td>نہیں</td></tr>
<tr><td colspan="2">برائے مہربانی مزید کوئی معلومات فراہم کریں جس کا آپ اپنے جواب میں اشتراک کرنا چاہتے ہیں۔</td></tr>
</table>

| | | | |
|---|---|---|---|
| 9 | **ایڈوانس کیئر پلاننگ کا طبی جزو**<br><br>زوال پذیر صحت اور غیر متوقع ہنگامی صورت احوال<br><br>(صفحہ 26 سے صفحہ 29) | کیا پالیسی ذیل ے سلسلے میں واضح ہے:<br><br>(a) ReSPECT کی سفارشات ایڈوانس کیئر پلاننگ کا حصہ کیسے بنتی ہیں؟ (برائے مہربانی نشان لگائیں) | ہاں<br><br>نہیں |
| | | برائے مہربانی مزید کوئی معلومات فراہم کریں جس کا آپ اپنے جواب میں اشتراک کرنا چاہتے ہیں۔ | |
| | | (b) ReSPECT فارم پر ریسیسیٹیشن کی سفارشات کیسے ریکارڈ کی جائیں گی اور کارڈیو پلمونری ریسیسیٹیشن کی کوشش نہ کریں (DNACPR) فارم مزید استعمال نہیں کیے جائیں گے؟ (برائے مہربانی نشان لگائیں) | ہاں<br><br>نہیں |
| | | برائے مہربانی مزید کوئی معلومات فراہم کریں جس کا آپ اپنے جواب میں اشتراک کرنا چاہتے ہیں۔ | |

| | | |
|---|---|---|
| 10 | **مزید تبصرے** | ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی سے متعلق مزید تبصرے ذیل میں نوٹ کیے جا سکتے ہیں۔ |
| | | |

## ضمیمہ B: امپیکٹ اسکریننگ کے نتائج

امپیکٹ اسسمنٹ اسکریننگ دستاویزات درخواست پر دستیاب ہیں acpconsultation@health-ni.gov.uk۔

ہر ایک کے نتائج کا خلاصہ ذیل کے جدول میں دیا گیا ہے۔

| اثرات کی تشخیص کی اسکریننگ | نتیجہ |
|---|---|
| مساوات/انسانی حقوق | مکمل مساوات کے اثرات کی تشخیص کی گئی ہے اور اس پر مشاورت کی جائے گی۔ |
| ریگولیٹری | کسی اہم اثرات کی نشاندہی نہیں کی گئی – اثرات کی مکمل تشخیص کی ضرورت نہیں ہے۔ |
| دیہی | کسی اہم اثرات کی نشاندہی نہیں کی گئی – اثرات کی مکمل تشخیص کی ضرورت نہیں ہے۔ |

### مساوات اور انسانی حقوق

NI ایکٹ 1998 کا سیکشن 75 محکموں سے تقاضا کرتا ہے کہ وہ NI سے متعلق اپنے امور کار کو انجام دیتے ہوئے مواقع کی مساوات کو فروغ دینے کی ضرورت کا خیال رکھیں:

- مختلف مذہبی عقائد، سیاسی رائے، نسلی گروہ، عمر، ازدواجی حیثیت یا جنسی رجحان رکھنے والے افراد کے مابین؛
- عمومی طور پر مردوں اور خواتین کے مابین؛
- معذور کے حامل اور غیر حامل افراد کے مابین؛ اور
- منحصرین کے حامل اور غیرحامل افراد کے مابین۔

## مساوات کے اثرات کی تشخیص کے سوالات:

| | | |
|---|---|---|
| **سوال 1:** کیا مسودہ ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی دستاویز میں بیان کردہ تجاویز کا 1998 ایکٹ کے سیکشن 75 کے تحت شناخت کردہ نو مساواتی گروپوں میں سے کسی پر ممکنہ منفی اثرات مرتب ہونے کا امکان ہے؟ (برائے مہربانی نشان لگائیں) | ہاں | |
| | نہیں | |
| اگر ہاں، تو برائے مہربانی گروپ(س) کے بارے میں بتائیں اور اس پر تبصرہ کریں کہ تجاویز میں ان منفی اثرات کو کیسے ختم یا کم کیا جا سکتا ہے۔ | | |

| | | |
|---|---|---|
| **سوال 2:** کیا آپ کسی ایسے اشارے یا ثبوت سے آگاہ ہیں – کوالٹی یا مقداری – کہ ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی کے مواقع کی مساوات یا اچھے تعلقات پر منفی اثر مرتب ہو سکتے ہیں؟ (برائے مہربانی نشان لگائیں) | ہاں | |
| | نہیں | |
| اگر ہاں، تو برائے مہربانی تفصیلات پیش کریں اور تبصرہ کریں کہ آپ کے خیال میں منفی اثرات کو کم کرنے کے لیے کیا کچھ شامل کیا یا ہٹا دینا چاہیے: | | |
| **سوال 3:** کیا مواقع کی مساوات یا اچھے تعلقات کو بہتر طور پر فروغ دینے کا کوئی موقع ہے؟ (برائے مہربانی نشان لگائیں) | ہاں | |
| | نہیں | |
| اگر ہاں، تو برائے مہربانی تفصیلات بتائیں کہ کیسے: | | |

| | | |
|---|---|---|
| **سوال 4:** کیا ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی کے کوئی ایسے پہلو ہیں جہاں انسانی حقوق کی ممکنہ خلاف ورزیاں ہو سکتی ہیں؟ (برائے مہربانی نشان لگائیں) | ہاں | |
| | نہیں | |
| اگر ہاں، تو برائے مہربانی تفصیلات بتائیں کہ کیسے: | | |

## ضمیمہ C: ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی پرائیوسی نوٹس

ڈیٹا کنٹرولر نام: محکمہ صحت (DoH)
ای میل: acpconsultation@health-ni.gov.uk
ٹیلی فون: 02890520241

ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر: نام: چارلین میکوئلین (Charlene McQuillan)
ٹیلی فون: 02890520241
ای میل: DPO@health-ni.gov.uk

شفاف ہونا اور لوگوں کو قابل رسائی معلومات فراہم کرنا کہ ہم ذاتی ڈیٹا کو کس طرح استعمال کر سکتے ہیں ڈیٹا پروٹیکشن ایکٹ (DPA) اور یو کے جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن (UK GDPR) کا کلیدی عنصر ہے۔ محکمہ صحت (DoH) آپ کی ذاتی معلومات پر کارروائی کرنے اور آپ کی رازداری کے تحفظ کرنے کی ہماری صلاحیت میں اعتماد اور اعتماد پیدا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

**عمل کاری کا مقصد**

محکمہ صحت نے شمالی آئرلینڈ میں موجود بالغ افراد (18 سال یا اس سے زائد عمر) کے لیے ایڈوانس کیئر پلاننگ پالیسی تیار کی ہے جسے عوامی مشاورت کے لیے شائع کیا گیا ہے۔ ہم تنظیموں اور اداروں کی جواب دینے، بلکہ عوام کے دلچسپی رکھنے والے اراکین، سروس استعمال کنندگان اور دیکھ بھال کرنے والوں کی بھی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں۔ ہم پالیسی کو مطلع کرنے کے مقصد سے مشاورت کے جواب میں فراہم کردہ ذاتی ڈیٹا پر کارروائی کریں گے۔ ہم مشورے کے جوابات کا خلاصہ شائع کریں گے اور، بعض صورتوں میں جوابات خود ہوں گے لیکن ان میں کوئی ذاتی ڈیٹا موجود نہیں ہوگا۔ ہم جواب دہندگان کے نام یا رابطے کی تفصیلات شائع نہیں کریں گے، لیکن جواب دینے والی تنظیموں کے نام شامل کریں گے۔

### عمل کاری کیلیے قانونی بنیاد

آپ کے ذاتی ڈیٹا پر عمل کاری کرنے کے لیے ہم جس قانونی بنیاد پر انحصار کر رہے ہیں وہ UK GDPR کا آرٹیکل 6(1) (e) ہے، جو ہمیں ذاتی ڈیٹا پر عمل کاری کرنے کی اجازت دیتا ہے جب یہ ایک سرکاری شعبہ کے طور پر ہماری حیثیت میں ہمارے عوامی کاموں کی کارکردگی کے لیے ضروری ہو۔

ہم صرف آپ کے فراہم کردہ کسی خاص زمرے کے ذاتی ڈیٹا پر عمل کاری کریں گے، جس سے نسلی یا نسلی اصل، سیاسی آراء، مذہبی عقیدہ، صحت یا جنسی زندگی/رحجان کا پتہ چلتا ہے جب UK GDPR کے آرٹیکل 9(2)(g) کے تحت، محکمہ کے کام کرنے کی مشق میں، اور مساوات کی نگرانی کے لیے، خاطر خواہ مفاد عامہ کی وجوہات کے تئیں ایسا ضروری ہو۔

**آپ کی معلومات کو کیسے جمع کیا اور اس سے نمٹا جائے گا؟**

ہم اوپر بیان کردہ مقصد کے لیے معلومات پر عمل کاری کریں گے۔ معلومات کا اشتراک ایڈوانس کیئر پلاننگ پروگرام ٹیم کے ساتھ کیا جائے گا جس میں محکمہ صحت، صحت اور سماجی نگہداشت کا بورڈ، پبلک ہیلتھ ایجنسی اور مریض اور کلائنٹ کونسل کے نمائندے شامل ہوں گے تاکہ پالیسی کی پیش رفت سے مطلع کرنے کے

لیے مشاورتی ردعمل کو فعال کیا جا سکے۔ جہاں معلومات ایک متبادل فارمیٹ میں مشاورتی جواب دہندہ کی طرف سے فراہم کی جاتی ہے، ہم اس معلومات کا انفارمیشن گورننس کے تقاضوں کی مطابقت میں ایک منظور شدہ ترجمہ سروس کے ساتھ اشتراک کریں گے۔ جہاں مشاورتی جواب دہندہ مشاورتی معاونت کی سروس استعمال کرتا ہے تاکہ وہ مشاورت کے لیے اپنے جواب کو پیش کر سکے، ایسا کرنے سے جواب دہندہ اس مقصد کے لیے اس سروس کے ساتھ اپنی معلومات کا اشتراک کرنے پر رضامند دے رہا ہوتا ہے۔ ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کا کسی دوسرے تیسرے فریق کے ساتھ اشتراک کرنے کا ارادہ نہیں رکھتے ہیں۔ کسی فریق ثالث کی طرف سے آپ کے ذاتی ڈیٹا کا ان کے ساتھ اشتراک کرنے کے سلسلے میں ہمیں دی جانیوالی کسی بھی مخصوص درخواستوں کو ڈیٹا کے تحفظ کے قوانین کی دفعات کے مطابق نمٹایا جائے گا۔

**ہم آپ کی معلومات کو کب تک برقرار رکھیں گے؟**

ہم مشاورت کے جواب کی معلومات کو اس وقت تک برقرار رکھیں گے جب تک کہ مشاورت کے موضوع پر ہمارا کام مکمل نہیں ہو جاتا ہے، اور محکمہ کے منظور شدہ ریٹینشن اینڈ ڈسپوزل شیڈول گڈ مینجمنٹ، گڈ ریکارڈز (GMGR) کے مطابق نہ ہو۔

آپ کے کیا حقوق ہیں؟

- آپ کو یہ تصدیق حاصل کرنے کا حق حاصل ہے کہ آپ کے ڈیٹا پر عمل کاری ہو رہی ہے، اور آپ ذاتی ڈیٹا تک رسائی رکھتے ہے۔
- آپ کو ذاتی ڈیٹا کو درست کرنے کا حق حاصل ہے اگر یہ غلط یا نامکمل ہوتا ہے۔
- آپ کو مخصوص حالات میں ذاتی ڈیٹا مٹا دینے اور عمل کاری کو روک دینے کا حق حاصل ہے۔
- آپ کو مخصوص حالات میں ذاتی ڈیٹا کی عمل کاری 'بلاک' کرنے یا دبا دینے کو کا حق حاصل ہے۔
- مخصوص حالات میں، آپ کو ڈیٹا پورٹیبلٹی کا حق حاصل ہے۔
- آپ کو مخصوص حالات میں عمل کاری پر اعتراض کرنے کا حق ہے۔
- آپ کو خودکار فیصلہ سازی اور پروفائلنگ کے سلسلے میں حقوق حاصل ہیں۔

**شکایت کیسے کریں اگر آپ اس سے خوش نہیں ہیں کہ ہم آپ کی ذاتی معلومات پر کیسے عمل کاری کرتے ہیں۔**

اگر آپ رسائی کی درخواست کرنا، اعتراض کرنا یا اس بارے میں شکایت کرنا چاہتے ہیں کہ ہم نے آپ کے ڈیٹا سے کیسے نمٹا ہے، تو آپ مندرجہ بالا تفصیلات استعمال کرتے ہوئے ہمارے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ ہمارے جواب سے مطمئن نہیں ہوتے ہیں یا یقین رکھتے ہیں کہ ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کی قانون کے ساتھ مطابقت میں عمل کاری نہیں کر رہے ہیں، تو آپ انفارمیشن کمشنر کو ذیل پر شکایت کر سکتے ہیں۔

انفارمیشن کمشنر کا دفتر
Wycliffe House
Water Lane
Wilmslow
Cheshire SK9 5AF
casework@ico.org.uk